In the name of Allah the Most Gracious the Ever Merciful
بسم اللہ الرحمن الرحیم

Press Desk
Ahmadiyya Muslim Jamaat
INTERNATIONAL
(INDIA)

شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت
Office Press & Media
Ahmadiyya Muslim Jama'at India,
Qadian-143516, Distt.Gurdaspur, Punjab, India.
Mobile: +91-99887 57988
Email: pressamjindia@gmail.com
Tel: +91-1872-500282
ahmadiyya_press ahmadiyyapressindia

(A Registered Religious and Charitable Society in India under the Societies Registration Act XXI 1860)

زیر حوالہ/Ref SPM-264
تاریخ/Date 05-10-25

قادیان دارالامان میں مجلس خدام الاحمدیہ و مجلس اطفال الاحمدیہ قادیان کے سالانہ اجتماع کا انعقاد

الحمدللہ کہ امسال مورخہ 3 اکتوبر تا 5 اکتوبر 2025ء کو قادیان (بھارت) میں مجلس خدام الاحمدیہ و مجلس اطفال الاحمدیہ قادیان کا سالانہ اجتماعِ شایان شان طریق پر منعقد کیا جا رہا ہے۔ اس اجتماع کا مقصد نوجوانوں (خدّام) اور بچوں (اطفال) کی تعلیم و تربیت، اخلاقی بلندی، بھائی چارے کا جذبہ اور خدمتِ خلق کی ترغیب دینا ہے۔

اس تنظیم مجلس خدام الاحمدیہ کے بانی حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے فرمایا کہ

''قوموں کی اصلاح نوجوانوں کی اصلاح کے بغیر نہیں ہو سکتی۔''

اس مطمح نظر کو مدنظر رکھتے ہوئے مجلس خدام الاحمدیہ کی بنیاد رکھی گئی ہے تا کہ نوجوانوں کی اس رنگ میں تعلیم و تربیت کی جائے جس کے نتیجہ میں وہ قوم و وطن کے مفید وجود بن سکیں۔

''خدام الاحمدیہ'' جماعت احمدیہ کے نوجوانوں کی تنظیم ہے جن کا مقصد نوجوانوں کی ایسی تعلیم و تربیت کرنا ہے جس کے نتیجہ میں وہ اعلیٰ اخلاق اور پختہ عزم کے مالک ہوں اور قوم و ملک کی ترقی میں اپنا نمایاں کردار نبھا سکیں اور بنی نوع انسان کی خدمت کر سکیں۔ اسی تنظیم کے تحت سات سال سے پندرہ سال تک کے بچوں کی ایک الگ تنظیم ''اطفال الاحمدیہ'' قائم ہے جس کے تحت بچپن سے ہی احمدی بچوں کی دینی اور اخلاقی تربیت کی طرف توجہ کی جاتی ہے تا کہ بڑے ہو کر جہاں وہ قوم و وطن کے لئے مفید وجود بنیں وہاں دینی و اخلاقی اعتبار سے بھی دوسروں سے نمایاں ہوں۔ ان ہر دو تنظیمات کی بنیاد جماعت احمدیہ کے دوسرے خلیفہ حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے اپنے دستِ مبارک سے رکھی تھی۔

اس اجتماع میں جملہ خدام و اطفال کے مابین مختلف علمی و ورزشی مقابلہ جات کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اور اس میں نمایاں پوزیشنز حاصل کرنے والوں کو انعامات سے بھی نوازا جائے گا۔ انشاءاللہ۔

مورخہ 5 اکتوبر کو اختتامی تقریب کا انعقاد عمل میں آئے گا جس میں علماء دین جملہ خدام و اطفال کو تربیتی نصائح سے نوازیں گے۔انشاءاللہ۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ جماعت احمدیہ کے ان نوجوانوں اور بچوں کی اس رنگ میں تربیت فرمائے کہ یہ ملک وقوم کے لئے ایک مفید وجود بنیں۔آمین

انچارج شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت